کلام: گوھر جارچوی

نوحہ

وہاں پہ روتا ہے خوں اب بھی آسمان حسینؑ
جہاں پہ لوٹا گیا تیرا کاروان حسینؑ

لگی تھی سینۂ اکبرؑ پہ جس جگہ برچھی
جہاں پہ ڈوب گئی خون میں شبیہِ نبیؐ
جہاں پہ قتل ہوا تیرا نوجوان حسینؑ

جہاں پہ پیاس سے بے شیر تیرا روتا رہا
جہاں پہ ننھے مجاہد کے تیر مارا گیا
جہاں پہ قطع ہوا تھا ترا بیان حسینؑ

جہاں ہوئے تھے ترے بھائی کے قلم بازو
جہاں کیا تھا علمدار نے لہو سے وضو
جہاں ہوا تھا ترا شیر نیم جان حسینؑ

جہاں پہ ٹکڑوں میں بکھرا ہوا تھا اِک دولہا
جہاں پہ سہرا پڑا کر رہا تھا واویلا
جہاں اُجڑ گیا کبریٰؑ کا گُل جہان حسینؑ

جہاں پہ ختم ہوا تھا حسینؑ تیرا سفر
جہاں پہ خشک گلے پر ترے چلا خنجر
جہاں مٹایا گیا تھا ترا نشان حسینؑ

جہاں پہ کوئی نہ تھا آسرا غریبوں کا
جہاں پہ چھن گئی سیدانیوں کے سر سے ردا
جہاں تھا نوحہ کناں تیرا خاندان حسینؑ

جہاں پہ گوہرِ غم تشنہ لب تھے سہمے ہوئے
جہاں طمانچے لگے تھے تری سکینہؑ کے
ترے یتیم جہاں پر تھے بے امان حسینؑ